Nestlé
Good Food, Good Life

پریس ریلیز

نیسلے پاکستان کی جانب سے عالمی یوم اطفال کے موقع پر بچوں میں صحت مند خوراک کیلئے مقابلے کا انعقاد

لاہور، نومبر 20

نیسلے پاکستان نے عالمی یوم اطفال کے موقع پر لاہور میں دی ٹرسٹ اسکول کے ساتھ اشتراک سے نیسلے فار ہیلتھیر کڈز (N4HK) پروگرام کے تحت بچوں میں صحت مند خوراک کے فروغ کیلئے مقابلے کا انعقاد کیا۔

N4HK پروگرام نیسلے کا گلوبل CSV (Creating Shared Value) اقدام ہے جو والدین اور اساتذہ کو اسکول جانے والے بچوں میں صحت بخش غذاؤں کے استعمال اور بہتر طرز زندگی کی عادتیں اپنانے کیلئے بااختیار بناتا ہے۔

عالمی یوم اطفال کے حوالے سے منعقدہ سرگرمی کے شرکاء کو صحت بخش کھانا تیار کرنے کا چیلنج دیا گیا۔ غذا سے متعلق ماہرین نے ان کھانوں کا غذائیت، پیش کرنے کے انداز اور ذائقہ کی بنیاد پر جائزہ لیا۔

اس موقع پر اظہار خیال کرتے ہوئے دی ٹرسٹ اسکول کے سی ای او طاہر یوسف نے کہا ''ہم نیسلے فار ہیلتھیر کڈز پروگرام (N4HK) کے ساتھ برسوں پر محیط شراکت داری سے اپنے اسکول کے بچوں میں غذا سے متعلق علم اور صحت مند طرز زندگی گزارنے کے عمل میں نمایاں بہتری حاصل کی ہے۔ لنچ کی تیاری ایک بڑی سرگرمی ہے کیونکہ اس سے بچوں نے غذا، خوراک اور صحت سے متعلق سیکھتے ہوئے اپنے ماؤں کی مدد سے اپنے لئے صحت سے بھرپور لنچ تیار کیے۔ غذائیت سے بھرپور خوراک کھانے والے بچے زیادہ بہتر انداز میں پروان چڑھتے ہیں اور معاشرے کے تعمیری رکن کے طور پر کردار ادا کرتے ہیں۔

پروگرام پر اظہار خیال کرتے ہوئے نیسلے پاکستان کے کارپوریٹ افیئر کے سربراہ وقار احمد نے کہا کہ'' N4HK پروگرام اچھی صحت اور فلاح بہبود کے حوالے سے اقوام متحدہ کے Sustainable Development Goal (3) کیلئے ہمارے عزم کا ایک حصہ ہے جس کا مقصد اس بات کو یقینی بنانا ہے کہ بچے غذائیت اور جسمانی سرگرمی کو سمجھیں اور بڑھنے کے ساتھ ساتھ وہ اپنی صحت مند زندگی کو جاری رکھیں پروگرام کے ذریعے ایک لاکھ 80 ہزار بچوں تک رسائی کی گئی جبکہ قومی سطح پر 10 شراکت داروں کے ساتھ مل کر 800 اساتذہ کو تربیت فراہم کی ہے

N4HK نصابی سرگرمی پر مبنی پروگرام ہے جسے 2010 میں پاکستان میں بچوں میں غذائیت کی کمی کے مسئلے کو مدنظر رکھ کر شروع کیا گیا۔ یہ دو کتابوں (اردو اور انگلش) دونوں زبانوں پر مشتمل ہے جو غذا کے حوالے سے بنیادی علم کی فراہمی اور متوازن غذا کے استعمال کو فروغ دیتی ہے۔ اس پروگرام کے ذریعے ٹرینرز کو تربیت فراہم کرتے ہیں جو صحت اور تندرستی کے ماہرین کے پینل کے ذریعے اساتذہ کو تربیت فراہم کرتا ہے۔

یہ نصاب آکسفورڈ یونیورسٹی پریس کے تعاون سے تیار کیا گیا ہے جسے علیحدہ اسباق کے طور پر اسکول اوقات کے دوران پڑھایا جاتا ہے۔

شراکت دار سکولوں میں ہر بچے پر تعلیمی سال کے دوران اس نصاب پر 10 گھنٹے صرف کرنا لازمی ہے۔

نیسلے پاکستان کے بارے میں:

نیسلے خوراک اور مشروبات تیار کرنے والی دنیا کی بڑی کمپنی ہے۔ دنیا کے 191 مما لک میں فعال ہے۔ نیسلے کے 3 لاکھ 28 ہزار ملازمین معیار زندگی کو بڑھانے اور صحت مند مستقبل کے لئے کردار ادا کے نیسلے کے مقصد کیلئے پر عزم ہے۔ نیسلے والدین اور بچوں کیلئے انواع اقسام کی مصنوعات اور خدمات کی فراہم کرتی ہے۔

مزید معلومت کیلئے رابطہ کریں

محمد راحت حسین

مینجر پبلک افیر

فون نمبر +92-345-2059682

ای میل: muhammadrahat.hussain@pk.nestle.com